رسائلِ میلادِ مصطفیٰ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ترتیب و تدوین
مولانا محمد عبدالاحد قادری
قادری رضوی کتب خانہ۔ لاہور

ترتیب و تدوین

مولانا محمد عبدالاحد قادری

قادری رضوی کتب خانہ ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام کتاب	———	(۱۲) رسائل میلادِ مصطفیٰ
ترتیب وتدوین	———	مولانا محمد عبدالاحد قادری
پروف ریڈنگ	———	محمد فاروق صدیقی
کمپوزنگ	———	محمد اشفاق منیر قادری
اشاعت اول	———	ربیع الاول ۱۴۲۶ھ/اپریل 2005ء
بار چہارم	———	۱۴۳۲ھ/جنوری 2011ء
زیرنگرانی	———	چوہدری محمد خلیل قادری
تحریک	———	چوہدری محمد ممتاز احمد قادری
ناشر	———	چوہدری عبدالمجید قادری
تعداد	———	1100
قیمت	———	-/450 روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ ۔ گنج بخش روڈ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

خیر المورد

...... فی ......

فی احتفال المولد

مصنف:

علامہ ابوالحسن زید فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تدوین:

مولانا محمد عبدالاحد قادری

آپ کے اوصاف شریفہ کی تعظیم، آپ کے ذکر شریف کی تعظیم اور آپ کی ہر ہر بات کی تعظیم مسلمان کیلئے لازمی اور ایمان کا جزو ہے۔ محفل میلاد شریف کی نسبت جناب رسول اللہ ﷺ سے کی گئی ہے۔ محفل میلاد نبوی اس کا نام ہے۔ بارہ ماہ مبارک ربیع انور کی نسبت جناب رسول اللہ ﷺ سے کی گئی ہے۔ اس کا نام تمام عالم اسلام میں یوم عید میلاد النبی ﷺ ہے۔ صرف اسی نسبت کی وجہ سے ہم پر اس محفل مبارک اور اس یوم مبارک کی تعظیم واجب ہے۔

حضرت سیدی ابوالد رحمۃ اللہ علیہ کو ایک شخص نے بہت القاب و آداب خط میں تحریر کیے ہیں، آپ نے خط کے پشت پر یہ تین شعر تحریر فرما دیے:

نہ جنابم، نہ شہ، نہ مولانا ۔۔۔ بندۂ آستانہ عمرم
گر کنی نستم بہ آں درِ فیض ۔۔۔ ہرچہ گفتی ازاں بلند ترم
ورکنی زیں اضافہ فی الجملہ ۔۔۔ زشت کردار خیر تحقرم

عمر سے مراد آپ کے والد ماجد حضرت شاہ محمد عمر رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ یہ ہے بزرگانِ دین کا طریقہ جو بیان ہوا۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین و افاض علینا من علومهم و بركاتهم

علماء میں اختلاف ہوا ہی کرتا ہے۔ ہر ایک اپنے مسلک کی اشاعت کرتا ہے جو لوگ کسی وجہ سے محفل مبارک میلاد شریف کو بہ ہیئت کذا منعقد کرنے کو اچھا نہیں سمجھتے وہ دلائل سے اپنے مسلک کو ثابت کریں۔ سوقیانہ الفاظ اور عامیانہ انداز سے اجتناب کریں، تعصب کی وجہ سے دولت ایمان کو برباد نہ کریں۔ "هداني الله و اياهم لما فيه فلاح ديننا و دنيانا"

اب میں موضوع سابق کی طرف آتا ہوں کسی نے آپ سے قیام کے متعلق دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا: قیام اگر اس طرح کیا جائے کہ اس میں شرک آجائے تو وہ ناجائز ہے۔ ہر وقت، ہر لحہ اور ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا صرف رب العالمین ہی کی شان ہے۔ ہاں آپ ﷺ کی محبت اور تعظیم کی وجہ سے قیام کرنا بہتر ہے۔ ہم آپ کا ذکر شریف کرتے ہیں، ہم کو ذوق اور شوق پیدا ہوتا ہے، ہم قیام کرتے ہیں، اگر کسی شخص کو ذوق اور شوق پیدا نہ ہوا اور آپ ﷺ کی محبت میں قیام نہ کرے تو تمہارا کیا بگڑتا ہے۔